بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

ختم نبوت کے موضوع پر (۹۹) آیات مبارکہ مع ترجمہ

آیت ا: وَاٰمِنُوۡا بِمَا اَنۡزَلۡتُ مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَكُمۡ ۔ (پ ا، البقرۃ:۴۱)

ترجمہ: ایمان لاؤ اس وحی پر جو ہم نے نازل کی ہے تصدیق کرنے والی اس وحی کی جو تمہارے پاس ہے۔

آیت ۲: وَاِذَا قِيۡلَ لَهُمۡ اٰمِنُوۡا بِمَآ اَنۡزَلَ اللّٰهُ قَالُوۡا نُؤۡمِنُ بِمَا اُنۡزِلَ عَلَيۡنَا وَيَكۡفُرُوۡنَ بِمَا وَرَآءَهٗ وَهُوَ الۡحَقُّ مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَهُمۡ قُلۡ فَلِمَ تَقۡتُلُوۡنَ اَنۡۢبِيَآءَ اللّٰهِ مِنۡ قَبۡلُ اِنۡ كُنۡتُمۡ مُّؤۡمِنِيۡنَ. (پ ا، البقرۃ:۹۱)

ترجمہ: اور جب اُن سے کہا جاتا ہے کہ اللہ نے جو کلام اُتارا ہے اس پر ایمان لے آؤ، تو وہ کہتے ہیں کہ ہم تو (صرف) اُسی کلام پر ایمان رکھیں گے۔ جو ہم پر نازل کیا گیا (یعنی تورات) اور وہ اس کے سوا (دوسری آسمانی کتابوں) کا انکار کرتے ہیں، حالانکہ وہ (قرآن مجید) بھی حق ہیں، (اور) جو کتاب اِن کے پاس ہے وہ اُس کی تصدیق بھی کرتی ہیں۔ (اے پیغمبر!) تم ان سے کہو کہ اگر تم واقعی (تورات پر) ایمان رکھتے تھے تو اللہ کے نبیوں کو پہلے زمانے میں کیوں قتل کرتے رہے؟۔

آیت ۳ قُلۡ مَنۡ كَانَ عَدُوًّا لِّجِبۡرِيۡلَ فَاِنَّهٗ نَزَّلَهٗ عَلٰى قَلۡبِكَ بِاِذۡنِ اللّٰهِ مُصَدِّقاً لِّمَا بَيۡنَ يَدَيۡهِ وَهُدًى وَّبُشۡرٰى لِلۡمُؤۡمِنِيۡنَ. (پ ا، البقرۃ:۹۷)

ترجمہ: (اے پیغمبر!) کہہ دو کہ اگر کوئی شخص جبرئیل کا دُشمن ہے تو (ہوا کرے) انہوں نے تو یہ کلام اللہ کی اجازت سے تمہارے دِل پر اُتارا ہے۔ جو اپنے سے پہلے کی کتابوں کی تصدیق کررہا ہے، اور ایمان والوں کے لئے مجسم ہدایت اور خوشخبری ہے۔

آیت ۴: وَلَمَّا جَآءَهُمۡ رَسُوۡلٌ مِّنۡ عِنۡدِ اللّٰهِ مُصَدِّقٌ لِّمَا مَعَهُمۡ نَبَذَ فَرِيۡقٌ مِّنَ الَّذِيۡنَ اُوۡتُوا الۡكِتٰبَ كِتٰبَ اللّٰهِ وَرَآءَ ظُهُوۡرِهِمۡ كَاَنَّهُمۡ لَا يَعۡلَمُوۡنَ. (پ ا، البقرۃ:۱۰۱)

ترجمہ: اور جب اِن کے پاس اللہ کی طرف سے ایک رسول آئے وہ اُس (تورات) کی تصدیق کررہے تھے جو اِن کے پاس ہے، تو اہل کتاب میں سے ایک گروہ نے اللہ کی کتاب (تورات و انجیل) کو اس طرح پسِ پشت ڈال دیا گویا وہ کچھ جانتے ہی نہ تھے (کہ اس میں نبی آخرالزماں ﷺ کے بارے میں کیا ہدایات دی گئی تھیں)۔

آیت ۵ اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مِنْ رَّبِّهٖ وَالْمُؤْمِنُوْنَ كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ . (پ۳، البقرۃ:۲۸۵)

ترجمہ: ایمان لائے رسول اس پر جو کچھ اُترا اس رسول کی طرف اُس کے رب کی طرف سے، اور مسلمان سب ایمان لائے اللہ تعالیٰ پر، اور اس کے ملائکہ پر، اور اس کے رسولوں پر کہ ہم جدا نہیں کرتے کسی کو اس کے رسولوں میں سے۔

آیت ۶ قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِيْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْم. (پ۳، آل عمران:۳۱)

ترجمہ: (اے پیغمبر!) کہہ دو کہ اگر تم اللہ سے محبت رکھتے ہو تو میری اتباع کرو، اللہ تم سے محبت کرے گا اور تمہاری خاطر تمہارے گناہ معاف کردے گا۔ اور اللہ بہت معاف کرنے والا، بڑا مہربان ہے۔

آیت ۷ وَاِذْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ النَّبِيّٖنَ لَمَآ اٰتَيْتُكُمْ مِّنْ كِتٰبٍ وَّ حِكْمَةٍ ثُمَّ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مُّصَدِّقٌ لِّمَا مَعَكُمْ لَتُؤْمِنُنَّ بِهٖ وَ لَتَنْصُرُنَّهٗ. (پ۳، آل عمران:۸۱)

ترجمہ: اور جب اللہ تعالیٰ نے انبیاء سے عہد لیا کہ جب میں تم کو کتاب اور حکمت دوں اور پھر ایسا رسول تمہارے پاس آئے جو تمہاری آسمانی کتابوں کی تصدیق کرے (یعنی محمد ﷺ) تو تم سب ان پر ایمان لاؤ اور ان کی مدد کرو۔

آیت ۸ قُلْ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَآ اُنْزِلَ عَلَيْنَا وَمَآ اُنْزِلَ عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَ اِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطِ وَمَا اُوْتِيَ مُوْسٰى وَعِيْسٰى وَالنَّبِيُّوْنَ مِنْ رَّبِّهِمْ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْهُمْ وَنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ. (پ۳، آل عمران:۸۴)

ترجمہ: (اے محمد ﷺ!) تم کہہ دو کہ ہم ایمان لائے اللہ پر اور اس وحی پر جو اُتری ہم پر اور جو وحی

اُتری ابراہیم علیہ السلام پر اور اسماعیل علیہ السلام پر اور اسحٰق علیہ السلام پر اور یعقوب علیہ السلام اور اس کی اولاد پر۔ جو موسیٰ علیہ السلام کو عیسیٰ علیہ السلام کو اور سب نبیوں کو اپنے رب کی طرف سے دیا گیا، ہم جدا نہیں کرتے ان میں سے کسی کو اور ہم اس کی فرمانبرداری کرنے والے ہیں۔

آیت۹ **اَلَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ عَهِدَ اِلَيْنَآ اَلَّا نُؤْمِنَ لِرَسُوْلٍ حَتّٰى يَاْتِيَنَا بِقُرْبَانٍ تَاْكُلُهُ النَّارُ قُلْ قَدْ جَآءَكُمْ رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِيْ بِالْبَيِّنٰتِ وَبِالَّذِيْ قُلْتُمْ فَلِمَ قَتَلْتُمُوْهُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ.** (پ۴،ال عمران:۱۸۳)

ترجمہ: یہ وہ لوگ ہیں جو کہتے ہیں کہ: ''اللہ نے ہم سے وعدہ لیا ہے کہ کسی پیغمبر پر اُس وقت تک ایمان نہ لائیں جب تک وہ ہمارے پاس ایسی قربانی لے کر نہ آئے جسے آگ کھا جائے''۔ تم کہو کہ: ''مجھ سے پہلے تمہارے پاس بہت سے پیغمبر کھلی نشانیاں بھی لے کر آئے اور وہ چیز بھی جس کے بارے میں تم نے (مجھ سے) کہا ہے۔ پھر تم نے انہیں کیوں قتل کیا اگر تم واقعی سچے ہو؟''

آیت۱۰ **فَاِنْ كَذَّبُوْكَ فَقَدْ كُذِّبَ رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِكَ جَآءُوْ بِالْبَيِّنٰتِ وَالزُّبُرِ وَالْكِتٰبِ الْمُنِيْرِ.** (پ۴،ال عمران:۱۸۴)

ترجمہ: (اے پیغمبر!) اگر پھر بھی یہ لوگ تمہیں جھٹلائیں تو (یہ کوئی نئی بات نہیں) تم سے پہلے بھی بہت سے اُن رسولوں کو جھٹلایا جا چکا ہے جو کھلی کھلی نشانیاں بھی لائے تھے، لکھے ہوئے صحیفے بھی اور ایسی کتاب بھی جو (حق کو) روشن کر دینے والی تھی۔

آیت۱۱ **يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَ اُولِي الْاَمْرِ مِنْكُمْ ۔** (پ۵،النساء:۵۹)

ترجمہ: اے ایمان والو! اللہ اور اس کے رسول (محمد ﷺ) کی اطاعت کرو اور اُن لوگوں کی اطاعت کرو جو تم میں سے اولی الامر ہیں۔

آیت۱۲ **اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ يَزْعُمُوْنَ اَنَّهُمْ اٰمَنُوْا بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ.** (پ۵،النساء:۶۰)

ترجمہ: کیا آپ ﷺ نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جو دعویٰ کرتے ہیں کہ وہ اس کتاب پر بھی

ایمان رکھتے ہیں جو آپ ﷺ کی طرف نازل کی گئی اور اس کتاب پر بھی جو آپ سے پہلے نازل کی گئی۔

آیت۱۳ **وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَ الرَّسُوْلَ فَأُولٰئِکَ مَعَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ وَ الصِّدِّيْقِيْنَ وَ الشُّهَدَآءِ وَ الصّٰلِحِيْنَ وَحَسُنَ أُولٰئِکَ رَفِيْقاً.**

(پ۵،النساء:۶۹)

ترجمہ: اور جو شخص اللہ تعالیٰ اور رسول (آنحضرت ﷺ) کی اطاعت کرے وہ قیامت کے دن ان لوگوں کے ساتھ ہوگا جن پر اللہ تعالیٰ نے انعام فرمایا ہے، یعنی نبیین اور صدیقین اور شہداء اور صالحین کے ساتھ اور یہ لوگ اچھے رفیق ہیں۔

آیت۱۴ **وَاَرْسَلْنٰکَ لِلنَّاسِ رَسُوْلاً ۔** (پ۵،النساء:۷۹)

ترجمہ: ہم نے آپ کو (اے محمد ﷺ!) تمام انسانوں کے لئے رسول بنا کر بھیجا ہے۔

آیت۱۵ **مَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ ، وَ مَنْ تَوَلّٰى فَمَآ اَرْسَلْنٰکَ عَلَيْهِمْ حَفِيْظاً .** (پ۵،النساء:۸۰)

ترجمہ: اور جس نے رسول (آنحضرت ﷺ) کی اطاعت کی، اس نے اللہ تعالیٰ کی اطاعت کی، اور جس نے پشت پھیری (آپ کی اطاعت سے) ہم نے آپ (ﷺ) کو ان پر محافظ بنا کر نہیں بھیجا۔

آیت۱۶ **وَمَنْ يُّشَاقِقِ الرَّسُوْلَ مِنْ ۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُ الْهُدٰى وَيَتَّبِعْ غَيْرَ سَبِيْلِ الْمُؤْمِنِيْنَ نُوَلِّهٖ مَا تَوَلّٰى وَنُصْلِهٖ جَهَنَّمَ ،وَسَآءَتْ مَصِيْراً۔** (پ۵،النساء:۱۱۵)

ترجمہ: جو کوئی برخلاف کرے رسول کے ساتھ، بعد اس کے کہ ظاہر ہوئی اس کے لئے ہدایت اور پیروی کرے سوائے راہ مسلمانوں کے، متوجہ کریں گے ہم اس کو جدھر متوجہ ہوا، اور داخل کریں گے ہم اُس کو دوزخ میں، اور بُرا ٹھکانا ہے (دوزخ)۔

آیت۱۷ **يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَالْكِتٰبِ الَّذِىْ نَزَّلَ عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَالْكِتٰبِ الَّذِىْۤ اَنْزَلَ مِنْ قَبْلُ .** (پ۵،النساء:۱۳۶)

ترجمہ: اے ایمان والو! ایمان لاؤ اللہ پر اور اس کے رسول (ﷺ) پر اور اس کتاب پر جس کو

نازل کیا اپنے رسول (ﷺ) پر اور اس کتاب پر جو نازل کی تھی پہلے۔

آیت۱۸ **لٰکِنِ الرّٰسِخُوْنَ فِی الْعِلْمِ مِنْھُمْ وَالْمُؤْمِنُوْنَ یُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَیْکَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِکَ.** (پ۶، النساء:۱۶۲)

ترجمہ: لیکن اُن میں جو لوگ علم پر ثابت ہیں اور ایمان والے ہیں وہ ایمان لاتے ہیں اس وحی پر جو آپ (ﷺ) پر نازل ہوئی اور جو آپ (ﷺ) سے پہلے انبیاء پر نازل ہوئی۔

آیت۱۹ **یٰٓاَیُّھَا النَّاسُ قَدْ جَآءَکُمُ الرَّسُوْلُ بِالْحَقِّ مِنْ رَّبِّکُمْ فَاٰمِنُوْا خَیْرًا لَّکُمْ.** (پ۶، النساء:۱۷۰)

ترجمہ: اے لوگو! تمہارے پاس رسول آچکا حق بات لے کر تمہارے رب کی طرف سے۔ تم ایمان لاؤ، تمہارے لئے بہتر ہوگا۔

آیت۲۰ **یٰٓاَیُّھَا النَّاسُ قَدْ جَآءَکُمْ بُرْھَانٌ مِّنْ رَّبِّکُمْ وَاَنْزَلْنَآ اِلَیْکُمْ نُوْرًا مُّبِیْنًا.** (پ۶، النساء:۱۷۴)

ترجمہ: اے لوگو! تم کو پہنچ چکی تمہارے رب کی طرف سے سند (یعنی آنحضرت ﷺ کی ذات پاک) اور ہم نے تمہارے پاس ایک صاف نور بھیجا ہے۔

آیت۲۱ **فَاَمَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰہِ وَاعْتَصَمُوْا بِہٖ فَسَیُدْخِلُھُمْ فِیْ رَحْمَۃٍ مِّنْہُ وَفَضْلٍ.** (پ۶، النساء:۱۷۵)

ترجمہ: پس جو ایمان لائے اللہ پر اور اس کو مضبوط پکڑا تو ان کو داخل کرے گا اپنی رحمت اور فضل میں۔

۲۲ **اَلْیَوْمَ اَکْمَلْتُ لَکُمْ دِیْنَکُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَیْکُمْ نِعْمَتِیْ وَرَضِیْتُ لَکُمُ الْاِسْلَامَ دِیْنًا.** (پ۶، المائدۃ:۳)

ترجمہ: آج میں نے تمہارا دین کامل کر دیا اور اپنی نعمت تم پر تمام کر دی اور تمہارے لئے دین اسلام ہی پسند کیا۔

۲۳ **قَدْ جَآءَکُمْ مِّنَ اللّٰہِ نُوْرٌ وَّ کِتٰبٌ مُّبِیْنٌ.** (پ۶، المائدۃ:۱۵)

ترجمہ: تمہارے پاس آئی اللہ کی طرف سے روشنی (محمد ﷺ) اور کتاب مبین (قرآن مجید)

آیت۲۴ يَهْدِيْ بِهِ اللّٰهُ مَنِ اتَّبَعَ رِضْوَانَهٗ سُبُلَ السَّلٰمِ. (پ۶،المائدہ:۱۶)

ترجمہ: جن سے اللہ تعالیٰ ہدایت کرتا ہے سلامتی کے راستے کی ان کو جو تابع ہوئے اس کی رضامندی کے۔

آیت۲۵ وَاِنْ تَسْئَلُوْا عَنْهَا حِيْنَ يُنَزَّلُ الْقُرْاٰنُ تُبْدَ لَكُمْ. (پ۷،المائدۃ:۱۰۱)

ترجمہ: اوراگر تم ان اشیاء کا سوال کروگے (جن کے سوال سے منع کیا گیا ہے) نزولِ قرآن کے زمانے میں ان اشیاء کا ذکر کردیا جائے گا۔

آیت۲۶ وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَحَاقَ بِالَّذِيْنَ سَخِرُوْا مِنْهُمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ. (پ۷،الانعام:۱۰)

ترجمہ: اور (اے پیغمبر!) حقیقت یہ ہے کہ تم سے پہلے بھی بہت سے رسولوں کا مذاق اُڑایا گیا ہے، لیکن نتیجہ یہ ہوا کہ ان میں سے جن لوگوں نے مذاق اُڑایا تھا، ان کو اسی چیز نے آگھیرا جس کا وہ مذاق اُڑایا کرتے تھے۔

آیت۲۷ وَاُوْحِيَ اِلَيَّ هٰذَا الْقُرْاٰنُ لِاُنْذِرَكُمْ بِهٖ وَمَنْۢ بَلَغَ. (پ۷،الانعام:۱۹)

ترجمہ: میری طرف اس قرآن کی وحی کی گئی تا کہ اس کے ذریعے سے میں تم کو ڈراؤں اور تمام ان لوگوں کو جن کو یہ قرآن پہنچے۔

آیت۲۸ وَلَقَدْ كُذِّبَتْ رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِكَ فَصَبَرُوْا عَلٰى مَا كُذِّبُوْا وَاُوْذُوْا حَتّٰۤى اَتٰىهُمْ نَصْرُنَا وَلَا مُبَدِّلَ لِكَلِمٰتِ اللّٰهِ وَلَقَدْ جَآءَكَ مِنْ نَّبَاِى الْمُرْسَلِيْنَ. (پ۷،الانعام:۳۴)

ترجمہ: اور حقیقت یہ ہے کہ تم سے پہلے بہت سے رسولوں کو جھٹلایا گیا ہے۔ پھر جس طرح انہیں جھٹلایا گیا اور تکلیفیں دی گئیں تو انہوں نے صبر کیا یہاں تک کہ ہماری مدد ان کو پہنچی۔ اور اللہ تعالیٰ کی باتوں کو کوئی بدلنے والا نہیں۔ اور آپ کے پاس بعض پیغمبر وں کے بعض قصص پہنچ چکے ہیں۔

آیت۲۹ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَاۤ اِلٰۤى اُمَمٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَاَخَذْنٰهُمْ بِالْبَاْسَآءِ وَالضَّرَّآءِ لَعَلَّهُمْ يَتَضَرَّعُوْنَ. (پ۷،الانعام:۴۲)

ترجمہ: اور (اے پیغمبر!) تم سے پہلے ہم نے بہت سی قوموں کے پاس پیغمبر بھیجے، پھر ہم نے (ان کی نافرمانی کی بنا پر) انہیں سختیوں اور تکلیفوں میں گرفتار کیا، تاکہ وہ عجز و نیاز کا شیوہ اپنائیں۔

آیت۳۰ **وَهُوَ الَّذِیْ جَعَلَكُمْ خَلٰٓئِفَ الْاَرْضِ وَرَفَعَ بَعْضَكُمْ فَوْقَ بَعْضٍ دَرَجٰتٍ لِّیَبْلُوَكُمْ فِیْ مَآ اٰتٰكُمْ اِنَّ رَبَّكَ سَرِیْعُ الْعِقَابِ وَاِنَّهٗ لَغَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ.**

(پ ۸، الانعام:۱۶۵)

ترجمہ: اور وہی ہے جس نے تمہیں زمین میں ایک دوسرے کا جانشین بنایا، اور تم میں سے کچھ لوگوں کو دوسروں سے درجات میں بلندی عطا کی، تاکہ اُس نے تمہیں جو نعمتیں دی ہیں، اُن میں تمہیں آزمائے۔ یہ حقیقت ہے کہ تمہارا رب جلد سزا دینے والا ہے، اور یہ (بھی) حقیقت ہے کہ وہ بہت بخشنے والا، بڑا مہربان ہے۔

آیت۳۱ **اِتَّبِعُوْا مَآ اُنْزِلَ اِلَیْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَلَا تَتَّبِعُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِیَآءَ قَلِیْلًا مَّا تَذَكَّرُوْنَ.** (پ۸، الاعراف:۳)

ترجمہ: (لوگو!) جو کتاب تم پر تمہارے پروردگار کی طرف سے اُتاری گئی ہے، اس کے پیچھے چلو، اور اپنے پروردگار کو چھوڑ کر دوسرے (من گھڑت) سرپرستوں کے پیچھے نہ چلو۔ (مگر) تم لوگ نصیحت کم ہی مانتے ہو۔

آیت۳۲ **فَسَاَكْتُبُهَا لِلَّذِیْنَ یَتَّقُوْنَ وَیُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَالَّذِیْنَ هُمْ بِاٰیٰتِنَا یُؤْمِنُوْنَ ، اَلَّذِیْنَ یَتَّبِعُوْنَ الرَّسُوْلَ النَّبِیَّ الْاُمِّیَّ الَّذِیْ یَجِدُوْنَهٗ مَكْتُوْبًا عِنْدَهُمْ فِی التَّوْرٰىةِ وَالْاِنْجِیْلِ .** (پ۹، الاعراف:۱۵۶)

ترجمہ: سو میں لکھ دوں گا (اپنی رحمت اُن لوگوں کے لئے جو ڈرتے ہیں اور دیتے ہیں زکوٰۃ جو ہماری باتوں پر یقین کرتے ہیں اور جو تابع ہیں اس رسول کے جو نبی ہے اُمی، جس کو پاتے ہیں (اہل کتاب) لکھا ہوا اپنے پاس توراۃ اور انجیل میں۔

آیت۳۳ **فَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا بِهٖ وَعَزَّرُوْهُ وَنَصَرُوْهُ وَاتَّبَعُوا النُّوْرَ الَّذِیْٓ اُنْزِلَ مَعَهٗٓ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ.** (پ۸، الاعراف:۱۵۷)

ترجمہ: پس جو لوگ آپ (ﷺ) پر ایمان لائے اور جنہوں نے آپ (ﷺ) کی رفاقت ومدد کی اور تابع ہوئے اس نور (قرآن) کے جو اس کے ساتھ اُترا ہے، وہی مراد کو پہنچے۔

آیت۳۴ **قُلْ یٰاَیُّهَا النَّاسُ اِنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَیْكُمْ جَمِیْعَا ۨالَّذِیْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ..... فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الَّذِیْ یُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَ كَلِمٰتِهٖ وَ اتَّبِعُوْهُ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ.**

(پ۹،الاعراف:۱۵۸)

ترجمہ: (اے محمد ﷺ!) آپ کہہ دیجئے کہ میں تمہارے تمام لوگوں کی طرف اللہ کا رسول ہوں، وہ اللہ کہ جس کے لئے ملک ہے آسمانوں اور زمینوں کا۔ ایمان لاؤ اللہ پر اور اس کے بھیجے ہوئے نبی اُمّی پر، جو ایمان لاتا ہے اس پر اور اس کے سب کلام پر، اور اس کے تابع ہو جاؤ تو شاید تم ہدایت پاؤ۔

آیت۳۵ **یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اَطِیْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ.** (پ۹،الانفال:۲۰)

ترجمہ: اے ایمان والو! حکم پر چلو اللہ کے اور اس کے رسول (ﷺ) کے۔

آیت۳۶ **یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اسْتَجِیْبُوْا لِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ اِذَا دَعَاكُمْ لِمَا یُحْیِیْكُمْ.**

(پ۹،الانفال:۲۴)

ترجمہ: اے ایمان والو! مانو حکم اللہ کا اور رسول (محمد ﷺ) کا جب کہ بلائے تم کو ایک کام پر جس میں تمہاری زندگی ہے۔

آیت۳۷ **وَاَطِیْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَلَا تَنَازَعُوْا فَتَفْشَلُوْا وَتَذْهَبَ رِیْحُكُمْ.**

(پ۱۰،الانفال:۴۶)

ترجمہ: اور حکم مانو اللہ کا اور اس کے رسول (ﷺ) کا، اور آپس میں نہ جھگڑو کہ نامراد ہو جاؤ اور تمہاری ہوا اُکھڑ جائے۔

آیت۳۸ **یٰۤاَیُّهَا النَّبِیُّ حَسْبُكَ اللّٰهُ وَمَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ.** (پ۱۰،الانفال:۶۴)

ترجمہ: اے نبی (ﷺ) کافی ہے اللہ آپ کو اور اُن مسلمانوں کو جو آپ کا اِتباع کریں۔

آیت۳۹ **هُوَالَّذِیْ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰی وَدِیْنِ الْحَقِّ لِیُظْهِرَهٗ عَلَی الدِّیْنِ كُلِّهٖ.**

(پ۱۰، التوبہ ۳۳)

ترجمہ: وہ ہے جس نے بھیجا اپنے پیغمبر کو ہدایت اور دینِ حق کے ساتھ تاکہ غالب کرے اس کو تمام دینوں پر۔

آیت۴۰ **وَيُطِيعُونَ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ ، أُولٰٓئِكَ سَيَرْحَمُهُمُ اللّٰهُ ، اِنَّ اللّٰهَ عَزِيزٌ حَكِيمٌ.** (پ۱۰، التوبہ:۷۱)

ترجمہ: مسلمان حکم پر چلتے ہیں اللہ کے اور اس کے رسول (ﷺ) کے، اُن پر اللہ رحم کرے گا، بے شک اللہ زبردست ہے حکمت والا۔

آیت۴۱ **وَلَقَدْ اَهْلَكْنَا الْقُرُوْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَمَّا ظَلَمُوْا وَجَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ وَمَا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْا كَذٰلِكَ نَجْزِى الْقَوْمَ الْمُجْرِمِيْنَ (۱۳) ثُمَّ جَعَلْنٰكُمْ خَلٰٓئِفَ فِى الْاَرْضِ مِنْ بَعْدِهِمْ لِنَنْظُرَ كَيْفَ تَعْمَلُوْنَ.** (پ۱۱، یونس:۱۳،۱۴)

ترجمہ: اور ہم نے تم سے پہلے (کئی) قوموں کو اُس موقع پر ہلاک کیا جب اُنہوں نے ظلم کا ارتکاب کیا تھا، اور اُن کے پیغمبر اُن کے پاس روشن دلائل لے کر آئے تھے، اور وہ ایسے نہ تھے کہ ایمان لاتے۔ ایسے مجرم لوگوں کو ہم ایسا ہی بدلہ دیتے ہیں۔ پھر ہم نے اُن کے بعد زمین میں تم کو جانشین بنایا ہے تاکہ یہ دیکھیں کہ تم کیسے عمل کرتے ہو؟

آیت۴۲ **وَمَنْ يَّكْفُرْ بِهٖ مِنَ الْاَحْزَابِ فَالنَّارُ مَوْعِدُهٗ.** (پ۱۲، ہود:۱۷)

ترجمہ: تمام انسانوں کی جماعتوں میں سے جو شخص اس کا کفر کرے پس جہنم اس کا ٹھکانا ہے۔

آیت۴۳ **قُلْ هٰذِهٖ سَبِيْلِىْٓ اَدْعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ ، عَلٰى بَصِيْرَةٍ اَنَا وَمَنِ اتَّبَعَنِىْ۔**

(پ۱۳، یوسف:۱۰۸)

ترجمہ: آپ ﷺ کہہ دیجئے کہ یہ میرا طریق ہے، میں خدا کی طرف اس طور پر بلاتا ہوں کہ میں دلیل پر قائم ہوں، میں بھی اور میرے ساتھ والے بھی۔

آیت۴۴ **وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِىْٓ اِلَيْهِمْ مِّنْ اَهْلِ الْقُرٰى اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِى الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ، وَلَدَارُ الْاٰخِرَةِ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ اتَّقَوْا ، اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ.** (پ۱۳، یوسف:۱۰۹)

ترجمہ: اور ہم نے تم سے پہلے جو رسول بھیجے وہ سب مختلف بستیوں میں بسنے والے انسان ہی تھے جن پر ہم وحی بھیجتے تھے۔ تو کیا ان لوگوں نے زمین میں چل پھر کر یہ نہیں دیکھا کہ ان سے پہلے کی قوموں کا انجام کیسا ہوا؟ اور آخرت کا گھر یقیناً ان لوگوں کے لئے کہیں بہتر ہے جنہوں نے تقویٰ اختیار کیا۔ کیا پھر بھی تم عقل سے کام نہیں لیتے؟

آیت۴۵ وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَأَمْلَيْتُ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا ثُمَّ أَخَذْتُهُمْ فَكَيْفَ كَانَ عِقَابِ. (پ۱۳، الرعد: ۳۲)

ترجمہ: اور (اے پیغمبر ﷺ!) حقیقت یہ ہے کہ تم سے پہلے پیغمبروں کا بھی مذاق اُڑایا گیا تھا، اور ایسے کافروں کو بھی میں نے مہلت دی تھی، مگر کچھ وقت کے بعد میں نے ان کو گرفت میں لے لیا، اب دیکھ لو کہ میرا عذاب کیسا تھا؟

آیت۴۶ وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا رُسُلاً مِّنْ قَبْلِكَ وَجَعَلْنَا لَهُمْ أَزْوَاجاً وَّذُرِّيَّةً وَمَا كَانَ لِرَسُوْلٍ أَنْ يَّأْتِيَ بِآيَةٍ إِلَّا بِإِذْنِ اللّٰهِ لِكُلِّ أَجَلٍ كِتَابٌ. (پ۱۳، الرعد: ۳۸)

ترجمہ: حقیقت یہ ہے کہ ہم نے تم سے پہلے بھی بہت سے رسول بھیجے ہیں، اور انہیں بیوی بچے بھی عطا فرمائے ہیں، اور کسی رسول کو یہ اختیار نہیں تھا کہ وہ کوئی ایک آیت بھی اللہ کے حکم کے بغیر لا سکے۔ ہر زمانے کے لئے الگ کتاب دی گئی ہے۔

آیت۴۷ يُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ آمَنُوْا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي الْآخِرَةِ وَيُضِلُّ اللّٰهُ الظّٰلِمِيْنَ وَيَفْعَلُ اللّٰهُ مَا يَشَآءُ. (پ۱۳، ابراہیم: ۲۷)

ترجمہ: جو لوگ ایمان لائے ہیں، اللہ اُن کو اس مضبوط بات پر دُنیا کی زندگی میں بھی جماؤ عطا کرتا ہے، اور آخرت میں بھی۔ اور ظالم لوگوں کو اللہ بھٹکا دیتا ہے، اور اللہ (اپنی حکمت کے مطابق) جو چاہتا ہے کرتا ہے۔

آیت۴۸ أَتٰى أَمْرُ اللّٰهِ فَلَا تَسْتَعْجِلُوْهُ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ. (پ۱۴، النحل: ۱)

ترجمہ: اللہ کا حکم آن پہنچا ہے۔ لہٰذا اُس کے لئے جلدی نہ مچاؤ۔ جو شرک یہ لوگ کر رہے ہیں وہ اُس سے پاک اور بہت بالا و برتر ہے۔

آیت۴۹ وَمَآ أَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ إِلَّا رِجَالاً نُّوْحِيْٓ إِلَيْهِمْ فَسْئَلُوْٓا أَهْلَ الذِّكْرِ إِنْ

كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ. (پ۱۴، النحل:۴۳)

ترجمہ: اور (اے پیغمبر!) ہم نے تم سے پہلے بھی کسی اور کو نہیں، انسانوں ہی کو پیغمبر بنا کر بھیجا تھا۔ جن پر ہم وحی نازل کرتے تھے۔ (اے منکرو!) اب اگر تمہیں اس بات کا علم نہیں ہے تو جو علم والے ہیں اُن سے پوچھ لو۔

آیت۵۰ تَاللّٰهِ لَقَدْ اَرْسَلْنَآ اِلٰٓى اُمَمٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ فَهُوَ وَلِيُّهُمُ الْيَوْمَ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ. (پ۱۴، النحل:۶۳)

ترجمہ: اللہ کی قسم ہم نے بہت سے رسول بھیجے بہت سے فرقوں میں آپ (ﷺ) سے پہلے جو امتیں گذری ہیں ہم نے اُن کے پاس پیغمبر بھیجے تھے تو شیطان نے اُن کے اعمال کو خوب بنا سنوار کر ان کے سامنے پیش کیا۔ چنانچہ وہی شیطان آج ان کا سرپرست بنا ہوا ہے۔ (اور اس کی وجہ سے) ان کے لئے دردناک عذاب تیار ہے۔

آیت۵۱ سُنَّةَ مَنْ قَدْ اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ مِنْ رُّسُلِنَا وَلَا تَجِدُ لِسُنَّتِنَا تَحْوِيْلاً.

(پ۱۵، بنی اسرائیل:۷۷)

ترجمہ: یہ ہمارا وہ طریق کار جو ہم نے اپنے اُن پیغمبروں کے ساتھ اختیار کیا تھا جو ہم نے تم سے پہلے بھیجے تھے۔ اور تم ہمارے طریقے میں کوئی تبدیلی نہیں پاؤ گے۔

آیت۵۲ اِقْتَرَبَ لِلنَّاسِ حِسَابُهُمْ وَهُمْ فِيْ غَفْلَةٍ مُّعْرِضُوْنَ. (پ۱۷، انبیاء:۱)

ترجمہ: لوگوں کے لئے اُن کا حساب (قیامت کا دن) قریب آ گیا اور وہ غفلت میں اس سے روگردانی کر رہے ہیں۔

آیت۵۳ وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا نُوْحِيْٓ اِلَيْهِ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا فَاعْبُدُوْنِ. (پ۱۷، الانبیاء:۲۵)

ترجمہ: اور تم سے پہلے ہم نے کوئی ایسا رسول نہیں بھیجا جس پر ہم نے یہ وحی نازل نہ کی ہو کہ: ''میرے سوا کوئی معبود نہیں ہے، لہٰذا میری عبادت کرو۔''

آیت۵۴ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ۔ (پ۱۷، الانبیاء:۱۰۷)

ترجمہ: اور نہیں بھیجا ہم نے آپ کو مگر تمام جہان والوں کے لئے رحمت بنا کر۔

نبوت لازم ہے۔

۲...... یہ آیت حکم کرتی ہے کہ آنحضرت ﷺ تمام اہل عالم کے لئے رحمت ہیں۔آپ ﷺ پر ایمان لانا نجات کے لئے کافی ہے۔پس اگر آپ ﷺ کے بعد کوئی اور نبی دنیا میں پیدا ہوتو آپ ﷺ کی امت کے لئے آپ ﷺ پر ایمان لانا اور پیروی کرنا نجات کے لئے کافی نہ ہوگا۔جب تک اسی نبی پر ایمان نہ لائے۔

آیت ۵۵ **وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِکَ مِنْ رَّسُوْلٍ وَّلَا نَبِیٍّ اِلَّآ اِذَا تَمَنّٰۤی اَلْقَی الشَّیْطٰنُ فِیْۤ اُمْنِیَّتِہٖ فَیَنْسَخُ اللّٰہُ مَا یُلْقِی الشَّیْطٰنُ ثُمَّ یُحْکِمُ اللّٰہُ اٰیٰتِہٖ ط وَاللّٰہُ عَلِیْمٌ حَکِیْمٌ.** (پ۱۷،الحج:۵۲)

ترجمہ: اور (اے پیغمبر!) تم سے پہلے ہم نے جب بھی کوئی رسول یا نبی بھیجا تو اس کے ساتھ یہ واقعہ ضرور ہوا کہ جب اُس نے (اللہ کا کلام) پڑھا تو شیطان نے اُس کے پڑھنے کے ساتھ ہی (کفار کے) دلوں میں کوئی رُکاوٹ ڈال دی، پھر جو رُکاوٹ شیطان ڈالتا ہے، اللہ اُسے دُور کر دیتا ہے، پھر اپنی آیتوں کو زیادہ مضبوط کر دیتا ہے، اور اللہ بڑے علم کا، بڑی حکمت کا مالک ہے۔

آیت ۵۶ **اِنَّمَا کَانَ قَوْلَ الْمُؤْمِنِیْنَ اِذَادُعُوْٓا اِلَی اللّٰہِ وَ رَسُوْلِہٖ لِیَحْکُمَ بَیْنَھُمْ اَنْ یَّقُوْلُوْا سَمِعْنَا وَ اَطَعْنَا، وَ اُولٰٓئِکَ ھُمُ الْمُفْلِحُوْنَ .** (پ۱۸،النور:۵۱)

ترجمہ: ایمان والوں کی بات یہ تھی کہ جب بلایا جائے ان کو اللہ اور رسول کی طرف ان میں فیصلہ کرنے کے لئے تو کہیں ہم نے سنا اور مانا اور وہی لوگ فلاح پانے والے ہیں۔

آیت ۵۷ **وَمَنْ یُّطِعِ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ وَیَخْشَ اللّٰہَ وَیَتَّقْہِ فَاُولٰٓئِکَ ھُمُ الْفَآئِزُوْنَ.**

(پ۱۸،النور:۵۲)

ترجمہ: اور جو لوگ اللہ اور اس کے رسول (محمد ﷺ) کی اطاعت کریں اور اللہ سے ڈریں اور بچیں اس کے محرّمات سے، وہی لوگ مراد کو پہنچنے والے ہیں۔

آیت ۵۸ **قُلْ اَطِیْعُوا اللّٰہَ وَ اَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ...... وَاِنْ تُطِیْعُوْہُ تَھْتَدُوْا.**

(پ۱۸،النور:۵۴)

ترجمہ: (اے پیغمبر ﷺ!) کہہ دیجئے کہ اللہ کی اطاعت کرو اور رسول کی۔ اگر پیغمبر (ﷺ) کی اطاعت کرو گے تو ہدایت پاؤ گے۔

آیت۵۹ **وَأَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَ اٰتُوا الزَّكٰوةَ وَأَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ.**

(پ۱۸،النور:۵۶)

ترجمہ: اور قائم کرو نماز، ادا کرو زکوٰۃ اور اطاعت کرو رسول (محمد ﷺ) کی، شاید تم پر رحم ہو۔

آیت۶۰ **اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ.** (پ۱۸،النور:۶۲)

ترجمہ: ایمان والے وہ ہیں جو ایمان لائے ہیں اللہ پر اور اس کے رسول (محمد ﷺ) پر۔

آیت۶۱ **تَبٰرَكَ الَّذِىْ نَزَّلَ الْفُرْقَانَ عَلٰى عَبْدِهٖ لِيَكُوْنَ لِلْعٰلَمِيْنَ نَذِيْراً.**

(پارہ۱۸،الفرقان:۱)

ترجمہ: مبارک ہے وہ ذات جس نے قرآن مجید کو اپنے بندہ (محمد ﷺ) پر نازل فرمایا۔ تاکہ وہ تمام جہان والوں کے لئے نذیر بنے (یعنی تمام عالم والوں کو خدا کے عذاب سے ڈرائے)۔

آیت۶۲ **وَمَآ اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّآ اِنَّهُمْ لَيَاْكُلُوْنَ الطَّعَامَ وَيَمْشُوْنَ فِى الْاَسْوَاقِ وَجَعَلْنَا بَعْضَكُمْ لِبَعْضٍ فِتْنَةً ط اَتَصْبِرُوْنَ وَكَانَ رَبُّكَ بَصِيْراً.** (پ۱۸،الفرقان:۲۰)

ترجمہ: اور (اے پیغمبر!) ہم نے تم سے پہلے جتنے پیغمبر بھیجے، وہ سب ایسے تھے کہ کھانا بھی کھاتے تھے، اور بازاروں میں بھی چلتے پھرتے تھے۔ اور ہم نے تم لوگوں کو ایک دوسرے کی آزمائش کا ذریعہ بنایا ہے۔ بتاؤ کیا صبر کرو گے؟ اور تمہارا پروردگار ہر بات دیکھ رہا ہے۔

آیت۶۳ **وَيَوْمَ يَعَضُّ الظَّالِمُ عَلٰى يَدَيْهِ يَقُوْلُ يٰلَيْتَنِى اتَّخَذْتُ مَعَ الرَّسُوْلِ سَبِيْلاً.**

(پ۱۹،الفرقان:۲۷)

ترجمہ: اور جس دن ظالم انسان (حسرت سے) اپنے ہاتھوں کو کاٹ کھائے گا، اور کہے گا: ''کاش! میں نے پیغمبر کی ہمراہی اختیار کر لی ہوتی''۔

آیت۶۴ وَاِذْ اَخَذْنَا مِنَ النَّبِيّٖنَ مِيْثَاقَهُمْ وَمِنْكَ وَمِنْ نُّوْحٍ وَّاِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى وَعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ وَاَخَذْنَا مِنْهُمْ مِّيْثَاقًا غَلِيْظًا. (پ۲۱،الاحزاب:۷)

ترجمہ: (اے پیغمبر!) وہ وقت یاد رکھو! جب ہم نے تمام نبیوں سے عہد لیا تھا، اور تم سے بھی اور نوح علیہ السلام اور ابراہیم علیہ السلام اور موسیٰ علیہ السلام اور عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام سے بھی اور ہم نے اُن سے نہایت پختہ عہد لیا تھا۔

آیت۶۵ مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا'' (پ۲۲،الاحزاب:۴۰)

ترجمہ: نہیں ہیں محمد (ﷺ) تمہارے مردوں میں سے کسی کے باپ، لیکن آپ (ﷺ) اللہ کے رسول اور سب نبیوں کے ختم کرنے والے ہیں اور ہے اللہ سب چیزوں کو جاننے والا۔

آیت۶۶ يَوْمَ تُقَلَّبُ وُجُوْهُهُمْ فِي النَّارِ يَقُوْلُوْنَ يٰلَيْتَنَآ اَطَعْنَا اللّٰهَ وَاَطَعْنَا الرَّسُوْلَا. (پ۲۲،الاحزاب:۶۶)

ترجمہ: جس دن اُن کے چہروں کو آگ میں اُلٹا پلٹا جائے گا، وہ کہیں گے کہ: ''اے کاش! ہم نے اللہ کی اِطاعت کرلی ہوتی، اور رسول کا کہنا مان لیا ہوتا''۔

آیت۶۷ يُصْلِحْ لَكُمْ اَعْمَالَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِيْمًا. (پ۲۲،الاحزاب:۷۱)

ترجمہ: اللہ تمہارے فائدے کے لئے تمہارے کام سنوار دے گا، اور تمہارے گناہوں کی مغفرت کردے گا۔ اور جو شخص اللہ اور اُس کے رسول کی اطاعت کرے، اُس نے وہ کامیابی حاصل کرلی جو زبردست کامیابی ہے۔

آیت۶۸ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا كَآفَّةً لِّلنَّاسِ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ. (پ۲۲سبا:۲۸)

ترجمہ: اور (اے پیغمبر!) ہم نے تمہیں سارے ہی انسانوں کے لئے ایسا رسول بنا کر بھیجا ہے جو خوشخبری بھی سنائے، اور خبردار بھی کرے، لیکن اکثر لوگ سمجھ نہیں رہے ہیں۔

آیت۶۹ قُلْ اِنَّمَآ اَعِظُكُمْ بِوَاحِدَةٍ اَنْ تَقُوْمُوْا لِلّٰهِ مَثْنٰى وَفُرَادٰى ثُمَّ تَتَفَكَّرُوْا مَا

بِصَاحِبِكُمْ مِّنْ جِنَّةٍ اِنْ هُوَ اِلَّا نَذِيْرٌ لَّكُمْ بَيْنَ يَدَىْ عَذَابٍ شَدِيْدٍ.

(پ۲۲،سبا:۴۶)

ترجمہ: (اے پیغمبر!) ان سے کہو کہ: "میں تمہیں صرف ایک بات کی نصیحت کرتا ہوں، اور وہ یہ کہ تم چاہے دو دو مل کر اور چاہے اکیلے اکیلے اللہ کی خاطر اُٹھ کھڑے ہو، پھر (انصاف سے) سوچو (تو فوراً سمجھ میں آ جائے گا کہ) تمہارے اس ساتھی (یعنی محمد ﷺ) میں جنون کی کوئی بات بھی نہیں ہے۔ وہ تو ایک سخت عذاب کے آنے سے پہلے تمہیں خبردار کر رہے ہیں۔

آیت۷۰ وَاِنْ يُّكَذِّبُوْكَ فَقَدْ كُذِّبَتْ رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِكَ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ.

(پ۲۲،فاطر:۴)

ترجمہ: اور (اے پیغمبر!) اگر یہ لوگ تمہیں جھٹلا رہے ہیں، تو تم سے پہلے بھی پیغمبروں کو جھٹلایا گیا ہے۔ اور تمام معاملات آخرکار اللہ ہی کی طرف لوٹائے جائیں گے۔

آیت۷۱ وَالَّذِىْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ مِنَ الْكِتٰبِ هُوَ الْحَقُّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ اِنَّ اللّٰهَ بِعِبَادِهٖ لَخَبِيْرٌ بَصِيْرٌ. (پ۲۲،فاطر:۳۱)

ترجمہ: (اے پیغمبر!) ہم نے تمہارے پاس وحی کے ذریعے جو کتاب بھیجی ہے، وہ سچی ہے جو اپنے سے پہلی کتابوں کی تصدیق کرتی ہوئی آئی ہے۔ یقیناً اللہ اپنے بندوں سے پوری طرح باخبر، ہر چیز کو دیکھنے والا ہے

آیت۷۲ ثُمَّ اَوْرَثْنَا الْكِتٰبَ الَّذِيْنَ اصْطَفَيْنَا مِنْ عِبَادِنَا فَمِنْهُمْ ظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ وَمِنْهُمْ مُّقْتَصِدٌ وَمِنْهُمْ سَابِقٌۢ بِالْخَيْرٰتِ بِاِذْنِ اللّٰهِ ذٰلِكَ هُوَ الْفَضْلُ الْكَبِيْرُ.

(پ۲۲،فاطر:۳۲)

ترجمہ: پھر ہم نے اس کتاب کا وارث اپنے بندوں میں سے اُن کو بنایا جنہیں ہم نے چن لیا تھا۔ پھر ان میں سے کچھ وہ ہیں جو اپنی جان پر ظلم کرنے والے ہیں، اور اُنہی میں سے کچھ ایسے ہیں جو درمیانے درجے کے ہیں، اور کچھ وہ ہیں جو اللہ کی توفیق سے نیکیوں میں بڑھے چلے جاتے ہیں۔ اور یہ (اللہ کا) بہت بڑا فضل ہے۔

آیت۷۳ هُوَ الَّذِیْ جَعَلَكُمْ خَلٰٓئِفَ فِی الْاَرْضِ فَمَنْ كَفَرَ فَعَلَیْهِ كُفْرُهٗ وَلَا یَزِیْدُ الْكٰفِرِیْنَ كُفْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ اِلَّا مَقْتًا وَلَا یَزِیْدُ الْكٰفِرِیْنَ كُفْرُهُمْ اِلَّا خَسَارًا. (پ ۲۲، فاطر:۳۹)

ترجمہ: وہی ہے جس نے تمہیں زمین میں (پچھلے لوگوں کا) جانشین بنایا۔ اب جو شخص کفر کرے گا تو اُس کا کفر اُسی پر پڑے گا۔ اور کافروں کو اُن کے کفر سے خسارے کے سوا کسی چیز میں ترقی حاصل نہیں ہوتی۔

آیت۷۴ اِنَّمَا تُنْذِرُ مَنِ اتَّبَعَ الذِّكْرَ وَخَشِیَ الرَّحْمٰنَ بِالْغَیْبِ ، فَبَشِّرْهُ بِمَغْفِرَةٍ وَّاَجْرٍ كَرِیْمٍ. (پ۲۲، یٰسین:۱۱)

ترجمہ: بس آپ (ﷺ) تو صرف ایسے ہی شخص کو ڈرا سکتے ہیں جو نصیحت پر چلے، اور خدا سے بے دیکھے ڈرے، سو آپ (ﷺ) اس کو مغفرت اور عمدہ عوض کی خوشخبری سنا دیجئے۔

آیت۷۵ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِیْنَ وَلَتَعْلَمُنَّ نَبَاَهٗ بَعْدَ حِیْنٍ. (پ۲۳، ص:۸۷،۸۸)

ترجمہ: یہ تو دُنیا جہان کے لوگوں کے لئے بس ایک نصیحت ہے، اور تھوڑے سے وقت کے بعد تمہیں اس کا حال معلوم ہو جائے گا۔

آیت۷۶ وَلَقَدْ اُوْحِیَ اِلَیْكَ وَاِلَى الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِكَ لَئِنْ اَشْرَكْتَ لَیَحْبَطَنَّ عَمَلُكَ وَلَتَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِیْنَ. (پ۲۴، الزمر:۶۵)

ترجمہ: اور یہ حقیقت ہے کہ تم سے اور تم سے پہلے تمام پیغمبروں سے وحی کے ذریعے یہ بات کہہ دی گئی تھی کہ اگر تم نے شرک کا ارتکاب کیا تو تمہارا کیا کرایا سب غارت ہو جائے گا، اور تم یقینی طور پر سخت نقصان اُٹھانے والوں میں شامل ہو جاؤ گے۔

آیت۷۷ مَا یُقَالُ لَكَ اِلَّا مَا قَدْ قِیْلَ لِلرُّسُلِ مِنْ قَبْلِكَ اِنَّ رَبَّكَ لَذُوْ مَغْفِرَةٍ وَّذُوْ عِقَابٍ اَلِیْمٍ. (پ۲۴، حم السجدہ:۴۳)

ترجمہ: (اے پیغمبر ﷺ!) تم سے جو باتیں کہی جا رہی ہیں، وہ وہی ہیں جو تم سے پہلے پیغمبروں سے کہی گئی تھیں۔ یقین رکھو! تمہارا پروردگار مغفرت کرنے والا بھی ہے، اور دردناک سزا دینے والا بھی۔

آیت۷۸ كَذٰلِكَ يُوْحِيْٓ اِلَيْكَ وَاِلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكَ اللّٰهُ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ.

(پ۲۵،الشوریٰ:۳)

ترجمہ: جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے، سب اُسی کا ہے، اور وہی ہے جو برتری اور عظمت کا مالک ہے۔

آیت۷۹ وَكَمْ اَرْسَلْنَا مِنْ نَّبِيٍّ فِي الْاَوَّلِيْنَ. (پ۲۵،الزخرف۶)

ترجمہ: اور کتنے ہی نبی ہم نے پچھلے لوگوں میں بھی بھیجے ہیں۔

آیت۸۰ وَكَذٰلِكَ مَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ فِيْ قَرْيَةٍ مِّنْ نَّذِيْرٍ اِلَّا قَالَ مُتْرَفُوْهَآ اِنَّا وَجَدْنَا اٰبَآءَ نَا عَلٰٓى اُمَّةٍ وَاِنَّا عَلٰٓى اٰثٰرِهِمْ مُّقْتَدُوْنَ. (پ۲۵،الزخرف۲۳)

ترجمہ: اور (اے پیغمبر!) ہم نے تم سے پہلے جب بھی کسی بستی میں کوئی خبردار کرنے والا (پیغمبر) بھیجا تو وہاں کے دولت مند لوگوں نے یہی کہا کہ: ''ہم نے اپنے باپ دادوں کو ایک طریقے پر پایا ہے، اور ہم اُنہی کے نقشِ قدم کے پیچھے چل رہے ہیں۔''

آیت۸۱ وَسْـَٔلْ مَنْ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رُّسُلِنَآ اَجَعَلْنَا مِنْ دُوْنِ الرَّحْمٰنِ اٰلِهَةً يُّعْبَدُوْنَ. (پ۲۵،الزخرف:۴۵)

ترجمہ: اور تم سے پہلے ہم نے اپنے جو پیغمبر بھیجے ہیں، اُن سے پوچھ لو کہ کیا ہم نے خدائے رحمٰن کے سوا کوئی اور معبود بھی مقرر کئے تھے، جن کی عبادت کی جائے؟

آیت۸۲ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَاٰمَنُوْا بِمَا نُزِّلَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ هُوَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ كَفَّرَ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَ اَصْلَحَ بَالَهُمْ. (پ۲۶،محمد:۲)

ترجمہ: جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے اچھے کام کئے اور وہ سب وحی پر ایمان لائے جو محمد (ﷺ) پر نازل کی گئی، اور وہ اُن کے رب کے پاس سے امرِ واقعی ہے، اللہ تعالیٰ اُن کے گناہ اُن پر سے اُتار دے گا اور ان کی حالت اچھی رکھے گا۔

آیت۸۳ فَهَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا السَّاعَةَ اَنْ تَاْتِيَهُمْ بَغْتَةً فَقَدْ جَآءَ اَشْرَاطُهَا فَاَنّٰى لَهُمْ اِذَا جَآءَتْهُمْ ذِكْرٰهُمْ. (پ۲۶،محمد:۱۸)

ترجمہ: اب کیا یہ (کافر) لوگ قیامت ہی کا انتظار کر رہے ہیں کہ وہ یکا یک ان پر آن

پڑے؟ (اگر ایسا ہے) تو اُس کی علامتیں تو آ چکی ہیں۔ پھر جب وہ آ ہی جائے گی تو اُس وقت ان کے لئے نصیحت ماننے کا موقع کہاں سے آئے گا؟

آیت ۸۴ **وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ يُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِىْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ وَمَنْ يَّتَوَلَّ يُعَذِّبْهُ عَذَاباً اَلِيْماً.** (پ۲۶،الفتح:۱۷)

ترجمہ: جو شخص اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول (محمد ﷺ) کی اطاعت کرے گا اللہ تعالیٰ اس کو ایسی جنتوں میں داخل فرمائیں گے۔ جن کے نیچے نہریں جاری ہوں گی، اور جو شخص اعراض کرے گا اس کو سخت دردناک عذاب دیں گے۔

آیت ۸۵ **هُوَ الَّذِىْۤ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَ دِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ ، وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْداً .** (پ۲۶،الفتح:۲۸)

ترجمہ: اللہ تعالیٰ وہ ہے جس نے اپنے رسول (محمد ﷺ) کو ہدایت اور دین حق کے ساتھ بھیجا، تاکہ اس کو تمام اَدیان ومِلل پر غالب کر دے، اور اللہ تعالیٰ شہادت کے لئے کافی ہے۔

آیت ۸۶ **اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ثُمَّ لَمْ يَرْتَابُوْا وَجَاهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ط اُولٰٓئِكَ هُمُ الصّٰدِقُوْنَ.**

(پ۲۶،الحجرات:۱۵)

ترجمہ: ایمان والے وہ ہیں جو یقین لائیں اللہ پر اور اس کے رسول (محمد ﷺ) پر، پھر کسی شک میں نہیں پڑے، اور جنہوں نے اپنے مال ودولت اور اپنی جانوں سے اللہ کے راستے میں جہاد کیا ہے۔ وہی لوگ ہیں جو سچے ہیں۔

آیت ۸۷ **اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ.** (پ۲۷،القمر:۱)

ترجمہ: قریب آ پہنچی قیامت اور شق ہوگیا چاند (جو کہ قربِ قیامت کی علامات اور آپ ﷺ کا معجزہ ہے)

آیت ۸۸ **ثُلَّةٌ مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ وَقَلِيْلٌ مِّنَ الْاٰخِرِيْنَ .** (پ۲۷،الواقعہ۱۳،۱۴)

ترجمہ: خدا کے مقرّب بڑی جماعت ہے پہلوں میں سے اور تھوڑی پچھلوں میں سے۔

آیت۸۹ ثُلَّةٌ مِّنَ الْاَوَّلِیْنَ. (پ۲۷،الواقعہ:۳۹)

ترجمہ: اصحاب الیمین (یعنی جنتی) جماعت کثیر ہیں پہلوں میں سے۔

آیت۹۰ وَثُلَّةٌ مِّنَ الْاٰخِرِیْنَ. (پ۲۷،الواقعہ:۴۰)

ترجمہ: اور جماعتِ کثیر ہیں پچھلوں میں سے۔

آیت۹۱ اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَ اَنْفِقُوْا مِمَّا جَعَلَكُمْ مُّسْتَخْلَفِیْنَ فِیْهِ، فَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَاَنْفَقُوْا لَهُمْ اَجْرٌ كَبِیْرٌ. (پ۲۷،الحدید:۷)

ترجمہ: تم اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ اور اس مال میں سے خرچ کرو جس میں تمہیں پہلوں کا قائم مقام بنایا ہے، جو لوگ تم میں سے ایمان لائے اور اللہ کے راستے میں خرچ کیا ان کے لئے بڑا ثواب ہے۔

آیت۹۲ یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَاٰمِنُوْا بِرَسُوْلِهٖ یُؤْتِكُمْ كِفْلَیْنِ مِنْ رَّحْمَتِهٖ وَ یَجْعَلْ لَّكُمْ نُوْرًا تَمْشُوْنَ بِهٖ وَیَغْفِرْ لَكُمْ ، وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ.

(پ۲۷،الحدید:۲۸)

ترجمہ: اے پہلے (انبیاء پر) ایمان لانے والو! اللہ سے ڈرو اور اس کے رسول (محمد ﷺ) پر ایمان لاؤ تو اللہ تعالیٰ تمہیں اپنی رحمت سے دو حصے مرحمت فرمائے گا اور تمہارے لئے ایک روشنی کردے گا، جس کے ذریعے سے تم چلو گے اور تمہاری مغفرت فرمائے گا اور اللہ تعالیٰ غفور رحیم ہے۔

آیت۹۳ هُوَ الَّذِیْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَ دِیْنِ الْحَقِّ لِیُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّیْنِ كُلِّهٖ ،وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ. (پ۲۸،الصف:۹)

ترجمہ: اللہ تعالیٰ وہ ہے جس نے اپنے رسول (محمد ﷺ) کو ہدایت اور دینِ حق کے ساتھ بھیجا۔ تاکہ اس کو تمام اَدیان و ملل پر غالب کردے، اگرچہ مشرکین بُرا مانیں۔

آیت۹۴ یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰى تِجَارَةٍ تُنْجِیْكُمْ مِّنْ عَذَابٍ اَلِیْمٍ . تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتُجَاهِدُوْنَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ، ذٰلِكُمْ خَیْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ. (پ۲۸،الصف:۱۰،۱۱)

ترجمہ: اے ایمان والو! میں بتاؤں تم کو ایک سوداگری کہ بچاوے تم کو دُکھ کی مار سے، ایمان لاؤ اللہ پر اور اس کے رسول (محمد ﷺ) پر اور جہاد کرو اللہ کی راہ میں اپنے مال اور جان سے، یہ تمہارے لئے بہت ہی بہتر ہے اگر تم کچھ سمجھ رکھتے ہو۔

آیت ۹۵ هُوَ الَّذِیْ بَعَثَ فِی الْاُمِّیّٖنَ رَسُوْلاً مِّنْهُمْ یَتْلُوْا عَلَیْهِمْ اٰیٰتِهٖ وَیُزَكِّیْهِمْ وَیُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَ الْحِكْمَةَ،وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ.

(پ۲۸، جمعہ:۲)

ترجمہ: وہی ہے جس نے بھیجا اُن پڑھوں میں ایک رسول انہیں میں، پڑھتا ہے ان کے پاس اس کی آیتیں، اور اُن کو سنوارتا ہے اور سکھاتا ہے کتاب و حکمت، اور اس سے پہلے پڑے تھے یہ صریح گمراہی میں۔

آیت ۹۶ وَّ اٰخَرِیْنَ مِنْهُمْ لَمَّا یَلْحَقُوْا بِهِمْ وَ هُوَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ. (پ۲۸، الجمعہ:۳)

ترجمہ: اور اوروں کے بھی واسطے انہی میں سے جو ابھی اُن میں نہیں ملے اور وہی ہے زبردست حکمت والا۔

آیت ۹۷ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ وَالنُّوْرِ الَّذِیْ اَنْزَلْنَا ،وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِیْرٌ.

(پ۲۸، التغابن:۸)

ترجمہ: ایمان لاؤ اللہ پر اور اس کے رسول (محمد ﷺ) پر اور اس نور (قرآن) پر جو ہم نے نازل کیا، اور اللہ تعالیٰ تمہارے عملوں سے خبردار ہے۔

آیت ۹۸ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِیْنَ. (پ۲۹، القلم:۵۲)

ترجمہ: یہ قرآن تمام جہان والوں کے لئے تذکیر ہے۔

آیت ۹۹ اَلَمْ نُهْلِكِ الْاَوَّلِیْنَ. ثُمَّ نُتْبِعُهُمُ الْاٰخِرِیْنَ. (پ۲۹، المرسلات:۱۶، ۱۷)

ترجمہ: کیا ہم نے پہلوں کو ہلاک نہیں کیا، پھر اُن کے پیچھے چلاتے ہیں پچھلوں کو۔

محمد وسیم اسلم
خادم عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت ملتان پاکستان
waseemaslam543@gmail.com